رسول اللہ صلى الله عليه وسلم نے ان سے شادی کی تو آپ اس وقت حالل تھے۔

یزید بن اصم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ام المؤمنین میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا نے مجھ سے
بیان کیا کہ رسول اللہ صلى الله عليه وسلم نے ان سے شادی کی تو آپ صلى الله عليه وسلم اس وقت حالل تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ میمونہ رضی
اللہ عنہا میری بھی خالہ تھیں اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی بھی۔ [صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔]

یزید بن اصم نے یہ بات ذکر فرمائی کہ ام المؤمنین میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنھا نے انھیں بتایا کہ رسول اللہ صلى الله عليه وسلم نے ان سے نکاح کیا تو اس وقت آپ صلى الله عليه وسلم احرام کھول کر حالل ہوچکے تھے اور آپ صلى الله عليه وسلم نے ان سے نکاح کے دوران کسی حج یا عمرہ کا احرام نہیں پہنا تھا۔ پھر یزید بن اصم، میمونہ رضی اللہ عنھا سے اپنی رشتہ داری کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ جس طرح وہ ابن عباس رضی اللہ عنھما کی خالہ تھیں، ان کی بھی خالہ تھیں، جس سے یہ دلیل ملتی ہے کہ وہ قصہ بیان کرنے والی ام المؤمنین رضی اللہ عنھا کے قریبی رشتہ دار تھے اور آپ صلى الله عليه وسلم احرام میں نہیں تھے،جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ عنھما کا خیال ہے (کہ آپ احرام میں تھے)۔

/58074 show/ur/ hadeeth/ global. sunnah:// https